خلیفہ | نبوت | رسوُل | متقی | شجاع

# حضرتِ علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

آپ کا نام علیؓ اور لقب حیدر تھا۔ آپؓ ہمارے پیارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے محترم چچا ابو طالب کے فرزند تھے۔ آپ کی ماں کا نام فاطمہؓ بنت اسد تھا۔ اِس طرح آپؓ پیارے نبی ﷺ کے چچیرے بھائی تھے۔ آپؓ کی عمر اس وقت آٹھ دس سال کی تھی جب پیارے نبیؐ نے اعلانِ نبوت کیا۔ حضرت خدیجۃ الکبریٰؓ کے بعد مومنین اور مسلمین میں آپؓ کا ہی نام آتا ہے۔ پیارے نبیؐ آپؓ کو بے حد پیار کرتے تھے۔ حضرت علیؓ کی تربیت آپؐ کے ہی ہاتھوں ہوئی ہے۔

آپ ہر وقت دین اسلام کی خاطر قربانی دینے میں پیش پیش رہتے تھے۔ آپؓ کی بہادری اور طاقت کی شہرت چاروں طرف تھی۔ آپؓ حضرت عثمانؓ کی شہادت کے بعد مسلمانوں کے چوتھے خلیفہ مقرر ہوئے۔

حضرت علیؓ جمعۃ المبارک ۲۱/رمضان ۴۰ھ کو جامِ شہادت نوش کر گئے۔ میدان حرب کے شہسوار ہونے کے ساتھ ساتھ حضرت علیؓ علم و فضل کے بھی مالک تھے۔ آپؓ

    

بڑے زاہد، متقی اور شجاع تھے۔ دنیا سے لو نہ لگانا، حق بات کہنا، غریبوں اور یتیموں کی دلجوئی کرنا، مسکینوں کی مدد کرنا، ظالم کا دشمن بننا اور مظلوم کی حمایت کرنا اور اللہ کی بھیجی ہوئی کتاب قرآن مجید کو اپنا لائحہ عمل بنانا آپ کی تعلیمات میں شامل ہے۔

ہمارے پیارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی بیٹی حضرت فاطمہؓ آپ کی نکاح میں تھیں۔ حضرت امام حسنؓ اور حضرت امام حسینؓ آپ کے فرزند تھے۔

## ا۔ آؤ معنی یاد کریں:

| | | |
|---|---|---|
| ہاتھ بٹانا | : | مدد دینا |
| حق | : | سچ، صدق |
| خلیفہ | : | نبیؐ کا جانشین |
| فرزند | : | بیٹا |
| نبوت | : | رسالت، پیغمبری |
| متقی | : | پرہیزگار، اللہ سے ڈرنے والا |
| حیدر | : | شیر، بہادر |
| شجاع | : | بہادر |
| مظلوم | : | جس پر ظلم کیا گیا ہو |



## ۲. مختصر جواب لکھیے

☆ حضرت علیؓ کون تھے؟

☆ حضرت علیؓ کی والدہ کا نام کیا تھا؟

☆ حضرت علیؓ کا لقب کیا ہے؟

☆ حضرت فاطمہؓ سے حضرت علیؓ کا کیا رشتہ تھا؟

☆ حضرت علیؓ کے والد کا نام کیا تھا؟

☆ حضرت علیؓ کے فرزندوں کا نام بتایئے

## ۳. مناسب لفظوں سے خالی جگھوں کو پُر کیجیے

☆ حضرت علیؓ کا لقب ................ تھا (صادق ۔ حیدر)

☆ آپؓ مسلمانوں کے چوتھے ........... تھے (خلیفہ ۔ سردار)

☆ آپؓ پیارے نبیؐ کے ........... بھائی بھی تھے (چچیرے ۔ رضاعی)

☆ آپؓ نے ہمیشہ ............. کی دلجوئی کی (غریبوں ۔ امیروں)

☆ آپؓ کی شہادت رمضان کی ........... تاریخ کو ہوئی (۲۰ ۔ ۲۱)







## ۴. ''الف'' کے ہر جملے کا دوسرا حصّہ کالم ''ب'' میں تلاش کر کے جملے مکمل کیجیے

| ا | ب |
|---|---|
| اپنے خاندان والوں | اس سزا سے لوگوں کو آگاہ کروں |
| اس بھاری کام میں | ہر گز نہیں بیٹھ سکتا |
| میں ہاتھ پر ہاتھ دھرے | ہاتھ بٹانے کی کسی نے ہمت نہ کی |
| اللہ کی نافرمانی کی جو سزا ہے | کو پیغام سُناؤ۔ |

## ٦. استاد کی مدد سے حضرت علیؓ سے متعلق ایک پیراگراف لکھیے

## ٧. کلمہ وہ ہے لفظ جس کے کچھ معنی ہو اور مہمل وہ لفظ ہے جس کے کچھ معنی نہ ہو۔

جیسے: کتاب، وتاب، ...... کتاب کلمہ ہے اور وتاب مہمل

استاد بچوں کو ایسے ہی پانچ کلمہ اور مہمل لکھوائے۔

## ٧. گھریلو مشق

آپ کے گھر میں کوئی بزرگ ہے، جیسے دادا، دادی، یا کوئی اور۔ اُن کے پاس بیٹھ کر اُن کے ساتھ حضرت علیؓ کے بارے میں بات کیجیے۔ حاصل کی ہوئی جانکاری سے تین جملے اپنی نوٹ بک میں درج کیجیے۔